بدعات کے خلاف

۱۰۰ سو فتوے

اہلسنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد

امام احمد رضا خان بریلوی

کی تعلیمات کی روشنی میں سو فتوے

تالیف

مولانا محمد شہزاد ترابی قادری



اہلسنت میں رائج جاہلانہ رسومات کا رد امام اہلسنت امام احمد رضا کی تعلیمات کی روشنی میں

بدعات کے خلاف

امام احمد رضا خان بریلوی کے

۱۰۰ سو فتوے

تالیف

مولانا محمد شہزاد ترابی قادری

زاویہ پبلشرز

(C-8 محی الدین بلڈنگ) ۱۰ دربار مارکیٹ، لاہور

فون: 042-7248857

موبائل: 0300-9467047 - 0300-4505466

Email:zavlapublishers@yahoo.com

2010ء

بار اول..............................1000

ہدیہ..............................100

زیر اہتمام........نجابت علی تارڑ

﴿لیگل ایڈوائزرز﴾

رائے صلاح الدین کھرل ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-7842176

محمد کامران حسن بھٹہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (لاہور) 0300-8800339

﴿ملنے کے پتے﴾

اسلامک بک کارپوریشن ۔ کمیٹی چوک ۔ راولپنڈی	051-5536111
احمد بک کارپوریشن ۔ کمیٹی چوک ۔ راولپنڈی	051-5558320
کتاب گھر ۔ کمیٹی چوک ۔ راولپنڈی	051-5552929
مکتبہ بابا فرید ۔ چوک چشتی قبر ۔ پاکپتن شریف	0301-7241723
مکتبہ قادریہ ۔ پرانی سبزی منڈی ۔ کراچی	0213-4944672
مکتبہ برکات المدینہ ۔ بہادر آباد ۔ کراچی	0213-4219324
مکتبہ رضویہ ۔ آرام باغ ۔ کراچی	0213-2216464
مکتبہ ضیائیہ ۔ کمیٹی چوک ۔ اقبال روڈ ۔ راولپنڈی	051-5534669
مکتبہ سخی سلطان ۔ حیدر آباد	0321-3025510
مکتبہ قادریہ ۔ سرکلر روڈ ۔ گوجرانوالہ	055-4237699
علامہ فضل حق پبلیکیشنز ۔ دربار مارکیٹ ۔ لاہور	0300-4798782
کتب خانہ حاجی مشتاق احمد ۔ بوہڑ گیٹ ملتان	061-4545486

فاؤنڈیشن لاہور)

وجد کا شرعی حکم

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ سے سوال کیا گیا کہ مجلس سماع میں اگر مزامیر نہ ہوں (اور) سماع جائز ہو تو وجد والوں کا رقص جائز ہے یا نہیں؟

آپ نے جوابا ارشاد فرمایا کہ اگر وجد صادق (یعنی سچا) ہے اور حال غالب اور عقل مستور (یعنی زائل اور اس عالم سے دور) تو اس پر تو قلم ہی جاری نہیں۔

اور اگر بہ تکلف وجد کرتا ہے تو "تثنی اور تکسر" یعنی لچکے توڑنے کے ساتھ حرام ہے اور بغیر اس کے ریا و اظہار کے لئے ہے تو جہنم کا مستحق ہے اور اگر صادقین کے ساتھ تشبہ بہ نیت خالصہ مقصود ہے کہ بنتے بنتے بھی حقیقت بن جاتی ہے تو حسن و محمود ہے حضور کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جو کسی قوم سے مشابہت اختیار کرے وہ انہی میں سے ہے)

(ملفوظات شریف 231 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ کراچی)

حرمت مزامیر

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ مزامیر یعنی آلات لہو و لعب بروجہ لہو و لعب بلاشبہ حرام ہیں جن کی حرمت اولیاء و علماء دونوں فریق مقتداء کے کلمات عالیہ میں مصرح' ان کے سننے سنانے کے گناہ ہونے میں شک نہیں کہ بعد اصرار کبیرہ ہے اور حضرات علیہ سادات بہشت کبرائے سلسلہ عالیہ چشت کی طرف اس کی نسبت محض باطل و افتراء ہے (فتاویٰ رضویہ جلد دہم ص 54)

نشہ و بھنگ و چرس

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ نشہ بذاتہ حرام ہے۔ نشہ کی چیزیں پینا جس سے نشہ بازوں کی مناسبت ہو اگرچہ حد نشہ تک نہ پہنچے یہ بھی گناہ ہے ہاں اگر دوا کے لئے کسی مرکب میں افیون یا بھنگ یا چرس کا اتنا جز ڈالا جائے جس کا عقل پر اصلا اثر نہ ہو حرج نہیں۔ بلکہ افیون میں اس سے بھی بچنا چاہیے کہ اس خبیث کا اثر ہے کہ معدے میں سوراخ کر دیتی ہے۔ (احکام شریعت جلد دوم)

تصاویر کی حرمت

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ جاندار کی تصویریں بنانا ہاتھ سے ہو خواہ عکسی حرام ہے اور ان معبودان کفار کی تصویریں بنانا اور سخت تر حرام و اشد کبیرہ ہے' ان سب لوگوں کو امام بنانا گناہ ہے اور ان کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی قریب الحرام ہے۔ (فتاویٰ رضویہ جلد سوم ص 190)

غیر اللہ کو سجدہ تعظیمی حرام اور سجدہ عبادت کفر ہے

امام اہلسنت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ مسلمان اے مسلمان! اے شریعت مصطفوی کے تابع فرمان! جان اور یقین جان کہ سجدہ حضرت عزت عز جلالہ (رب تعالیٰ) کے سوا کسی کے لئے نہیں غیر اللہ کو سجدہ عبادت تو یقینا اجماعا شرک